نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے تحت صوبہ پنجاب میں سولرائزیشن آف ٹیوب ویل پروگرام کا آغاز۔

لاہور: 11 دسمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے تحت صوبہ پنجاب میں 8 ہزار بجلی و ڈیزل سے چلنے والے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبہ پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت اس منصوبے کا مقصد کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی اور توانائی کے بحران کو کم کرنا ہے۔حکومت پنجاب اس منصوبے کے تحت **1 ارب روپے** کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس پروگرام کے لیے درخواست دہندہ کے نام زمین کی رجسٹری ہونا لازمی ہے۔ اس منصوبہ کے تحت رجسٹریشن کی آخری تاریخ **31 دسمبر 2024** مقرر کی گئی ہے۔سولرائزیشن آف ٹیوب ویل پروگرام کے تحت شمسی زرعی ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے لیے حکومت تین مختلف پاور کٹس پر سبسڈی فراہم کرے گی، جن میں 10 ہارس پاور پر 5 لاکھ روپے، 15 ہارس پاور پر 7.5 لاکھ روپے، اور 20 ہارس پاور پر 10 لاکھ روپے کی سبسڈی شامل ہے جبکہ بقایا رقم کاشتکار خود ادا کریں گے۔اس منصوبہ کے تحت کسانوں کو توانائی کے کم خرچ اور پائیدار حل فراہم کئے جا رہے ہیں۔اس اقدام سے نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کو فروغ ملے گا بلکہ کاشتکاروں کو بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بلوں سے بھی نجات ملے گی۔اس ضمن میں درخواست دہندگان محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا آن لائن اپلائی کرنے کیلئے https://cmstp.punjab.gov.pk کے لنک پر کلک کریں۔مزید معلومات کے لیے خواہشمند کاشتکار زرعی ہیلپ لائن نمبر 0800-17000 پر بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک رابطہ کریں۔

☆☆☆☆